رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

# ششماہی امتحان 2023ء/1445ھ

شعبۃ الامتحان بوائز

درجہ: دورہ حدیث پرچہ: تیسرا مضمون: جامع الترمذی

تاریخ: 05-09-2023 دن: منگل کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: حدیث مکمل کریں۔ لا تقبل صلاۃ بغیر۔۔۔۔۔ ولا صدقۃ من غلول

(الف) دعاء (ب) حمد (ج) طہور (د) تکبیر

سوال نمبر 2: حدیث مکمل کریں۔ کان النبي صلی اللہ علیہ وسلم إذا خرج من الخلاء، قال:۔۔۔۔۔۔

(الف) سبحان اللہ (ب) غفرانک

(ج) اللھم انی اعوذبک من الخبث والخبائث (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: ابن لہیعۃ محدثین کے نزدیک۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) ثقہ (ب) اوثق (ج) ضعیف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کے بارے وارد احادیث میں سے کس راوی کی روایت کو امام ترمذی نے "احسن شیئ فی الباب واصح" قرار دیا ہے۔

(الف) حضرت عمر (ب) حضرت عائشہ (ج) حضرت بریدہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: دائیں ہاتھ سے استنجا کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) جائز (ب) مکروہ (ج) حرام (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: استنجا میں پانی کے استعمال کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض ہے (ب) واجب ہے (ج) مستحب ہے (د) جائز ہے

سوال نمبر 7: وہ کون سے صحابی ہیں کہ جب نماز کیلئے آتے تو کان پر قلم کی جگہ مسواک رکھے ہوتے تھے۔

(الف) حضرت زید (ب) حضرت خالد (ج) حضرت عمر (د) حضرت علی

سوال نمبر 8: یہ کس کا موقف ہے؟ کہ وضو سے قبل عمدا تسمیہ ترک کی تو اعادہ لازم ہے۔

(الف) امام احمد بن حنبل (ب) امام اسحٰق (ج) امام محمد (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: غسل میں کلی کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا ترک کر دیا تو کس کے نزدیک اعادہ لازم نہیں؟

(الف) امام مالک (ب) امام شافعی (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: حدیث مکمل کریں۔ أن النبي صلی اللہ علیہ وسلم مسح برأسہ وأذنیہ۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) ظاھرھما (ب) باطنھما (ج) ظاھرھما و باطنھما (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: وضو کے بعد دعا "اللھم اجعلنی من التوابین۔۔۔" کی کیا فضیلت ہے؟

(الف) گناہ معاف ہوتے ہیں (ب) جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں

(ج) جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12 : مرد و عورت کاایک ہی برتن کے پانی سے غسل کرنا کیسا ہے؟

(الف) جائز ہے (ب) ناجائز ہے (ج) مکروہ ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13 : نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے جن پر عذاب ہو رہا تھاایک پر پیشاب کے چھینٹوں سے نہ بچنے کے سبب اور دوسرے پر۔۔۔

(الف) جھوٹ کے سبب (ب) غیبت کے سبب (ج) گالی گلوچ کے سبب (د) چغل خوری کے سبب

سوال نمبر14 : حدیث مکمل کریں۔ لا وضوء إلا من صوت أو۔۔۔۔۔

(الف) ریح (ب) ظن (ج) شک (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15 : حدیث مکمل کریں۔ وسئل عن الوضوء من لحوم۔۔۔۔۔۔فقال: لا تتوضئوا منها

(الف) الابل (ب) الغنم (ج) الدجاجة (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16 : کن کے نزدیک قے سے وضو نہیں ٹوٹتا؟

(الف) امام مالک (ب) امام شافعی (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17 : ایک صحابی نے وضو کیااور موزوں پر مسح کیاتو ان سے پوچھاگیاکہ آپ ایسا کرتے ہیں تو انھوں نے کہا کیوں نہیں؟ "میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرنے دیکھا ہے" ان صحابی کا نام بتائیں۔

(الف) حضرت جریر (ب) حضرت ہمام (ج) حضرت سہل (د) حضرت یعلی

سوال نمبر18 : کن کے نزدیک سر پر مسح کئے بغیر صرف عمامہ پر مسح کرنا کافی نہیں۔

(الف) امام مالک (ب) امام شافعی (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19 : حدیث مکمل کریں۔تحت کل شعرة جنابة، فاغسلوا الشعر، وأنقوا۔۔۔۔۔۔۔

(الف) الراس (ب) الوجہ (ج) البشر (د) الجبہۃ

سوال نمبر20 : خالی جگہ پر کریں۔ إذا استيقظ الرجل فرأى بلة أنه يغتسل، وهو قول سفيان و۔۔۔۔۔۔۔

(الف) ابی حنیفۃ (ب) احمد (ج) محمد (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21 : خالی جگہ پر کریں۔قالوا: في المني يصيب الثوب۔۔۔۔۔۔الفرك

(الف) يجزئه (ب) لايجزئه (ج) يلزمه (د) لايلزمه

سوال نمبر22 : حدیث مکمل کریں۔ عن عمر، أنه سأل النبي صلى الله عليه وسلم أينام أحدنا وهو جنب؟، قال:۔۔۔۔۔۔

(الف) لا (ب) نعم اذا اغتسل (ج) نعم اذا توضا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23 : کس صحابی سے مروی ہے کہ جنبی اگر پانی نہ پائے تب بھی تیمّم نہیں کرے گا

(الف) حضرت ابن عمر (ب) حضرت ابن عباس (ج) حضرت ابن زبیر (د) حضرت ابن مسعود

سوال نمبر24 : خالی جگہ پر کریں۔ لا اختلاف بينهم في أن الحائض تقضي۔۔۔۔۔۔۔

(الف) الصوم (ب) الصلاة (ج) الصلاة والصوم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25 : زمانہ رسالت میں نفاس والی عورتیں کتنے دن تک بیٹھی رہتی تھیں؟

(الف) 20 (ب) 30 (ج) 40 (د) 60